Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 19 فروری 2026ء، یکم رمضان المبارک 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 307

ماہِ صیام کی آمد: وفاقی دارالحکومت میں رمضان بازار سج گئے

شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء خورد و نوش کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ سرگرم، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی جانب سے شہر بھر کے رمضان بازاروں کا دورہ

تمام اشیاء ضروریہ کی فراہمی ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت، بازار میں حکومتی ریٹ لسٹ کے مطابق تمام اشیاء ضروریہ کی دستیابی یقینی بنائے جائے گی، ڈی سی اسلام آباد عرفان میمن

اسلام آباد (این این آئی) رمضان المبارک کی آمد کے ساتھ ہی وفاقی دارالحکومت میں رمضان بازار سج گئے۔ شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء خورد و نوش کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ سرگرم ہو گئی۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی جانب سے شہر کے رمضان بازاروں کا دورہ کیا گیا۔ ڈی سی اسلام آباد نے تمام اشیاء ضروریہ کی فراہمی ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 6)

مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مری ڈویلپمنٹ پلان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین

سی ٹی ڈی بلوچستان وطن عزیز کی حفاظت میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے

دہشت گردی کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کوئٹہ، بارکھان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سی ٹی ڈی بلوچستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک سے ہر قسم کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا خاتمہ (بقیہ نمبر 7)

مہنگائی کے نئے طوفان سے رمضان کا استقبال

پٹرول، ڈیزل، ایل پی جی، ایل این جی، بجلی، گھی، کوکنگ آئل، گوشت، سبزیاں، پھل سمیت متعدد اشیاء مہنگے کر دی گئیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں مہنگائی کے نئے طوفان نے رمضان کا استقبال، پٹرول، ڈیزل، ایل پی جی، ایل این جی، بجلی، گھی، کوکنگ آئل، گوشت، سبزیاں، پھل سمیت متعدد اشیاء مہنگے کر دی گئیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 10)

کوئٹہ میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 8 دہشتگرد ہلاک

فائرنگ کے تبادلے میں سی ٹی ڈی کے 3 اہلکار بھی زخمی، ہلاک دہشتگردوں سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد

کوئٹہ (این این آئی) دارالحکومت کوئٹہ کے ملحقہ درشٹان میں سی ٹی ڈی نے کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق سی ٹی ڈی کے کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشت گردوں کو (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد ایئرپورٹ سے خاتون 4.48 کلو کوکین برآمد

خاتون کے انکشاف پر فوری کارروائی کرتے ہوئے پیڈلر کو گاڑی سمیت گرفتار کر لیا

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ایئرپورٹ پر 4.48 کلوگرام کوکین اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ شاہد حسن کے راستے اسلام آباد آنے والی خاتون مسافر کو ایئرپورٹ پر روک کر اس کے ٹرالی بیگ کی مکمل (بقیہ نمبر 8)

چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا رمضان سے قبل مختلف فلیگ شپ پروگرامز کے وظائف میں اضافہ کا اعلان

مستحق خواتین کیلئے بڑی خوشخبری کا اعلان

چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی پی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں لائیو آئی۔ کچہری کے دوران گفتگو کر رہی ہیں

بینظیر کفالت کی سہ ماہی قسط میں ایک ہزار روپے کا اضافہ؛ مستحق خواتین اب 13,500 روپے کی بجائے 14,500 روپے وصول کریں گی؛ بینظیر تعلیمی وظائف اور بینظیر نشوونما پروگرام کے وظائف میں بھی 500 روپے کا اضافہ

رمضان المبارک قتام مسلمانوں کے لیے بابرکت، صبر اور ہمدردی کا مہینہ ہے، اور اسی روح کو مدنظر رکھتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق خاندانوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کر رہا ہے

جن خواتین نے ڈسبرسمنٹ والٹ کیلئے مفت سم حاصل نہیں کی وہ فوری طور پر اپنی سم کیلئے پی آئی ایس پی دفاتر سے رجوع کریں: سینیٹر روبینہ خالد کی پی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں لائیو آئی۔ کچہری کے دوران گفتگو

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی زیر صدارت پی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز، اسلام آباد میں لائیو آئی۔ کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ای۔ کچہری کے دوران گفتگو کرتا اور نکایا کے فوری اور موثر ازالے کو یقینی بنانا تھا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے لائیو آئی۔ کچہری کے دوران خطاب کرتے ہوئے رمضان المبارک کی آمد کے موقع پر (بقیہ نمبر 1)

وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پراسس کنٹرول عملی عمر اور اہم پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

حکومت پنجاب کا تیل اور گھی کی قیمتوں میں ریلیف کا اعلان

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے رمضان المبارک میں تیل اور گھی کی قیمتوں میں ریلیف کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل (بقیہ نمبر 2)

فائیو جی سپیکٹرم کی نیلامی 10 مارچ کو کرانے کا اعلان

فائیو جی آکشن کے بعد انٹرنیٹ کے مسائل حل ہو جائیں گے، چیئرمین پی ٹی اے

اسلام آباد (این ای این) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے فائیو جی سپیکٹرم کی نیلامی 10 مارچ کو کرانے کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین پی ٹی اے حفیظ الرحمان نے کہا ہے کہ لوگ انٹرنیٹ کی بہتری چاہتے ہیں، بہتر کنکٹیویٹی کے بغیر ڈیجیٹل پاکستان کا خواب ادھورا (بقیہ نمبر 1)

پنجاب کو منشیات سے پاک کرنا مریم نواز کا عزم و مشن ہے

طلبہ کو منشیات جیسی لعنت سے بچانا ہماری ذمہ داری ہے، منشیات کے تدارک کے لیے پنجاب نارکوٹکس فورس کا کردار قابل ستائش ہے

وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری آج پنجاب انسداد منشیات فورس کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ، منصوبہ بندی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے آج پنجاب انسداد منشیات فورس کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا، جہاں ڈی جی انسداد منشیات فورس بریگیڈیئر مظہر اقبال نے انٹی فورس کی کارکردگی اور منصوبہ بندی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر سیکرٹری انفارمیشن سید طاہر رضا ہمدانی اور سیکرٹری ایکسائز اینڈ نارکوٹکس مسعود عطار بھی موجود تھے۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب نے پنجاب (بقیہ نمبر 4)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا انسداد منشیات فورس کے ہیڈ کوارٹر کے دورہ کے موقع پر ڈی جی پنجاب انسداد منشیات فورس بریگیڈیئر مظہر اقبال، سیکرٹری انفارمیشن طاہر رضا ہمدانی و دیگر ہمراہ گروپ فوٹو

تاجروں کی درخواست منظور 24 گھنٹے کاروبار کرنے کی اجازت

رات 10 بجے دکانیں بند کرانے کے اوقات کار ختم کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب کی تاجر برادری کی درخواست منظور کر لی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے رمضان میں 10 بجے دکانیں بند کرنے کے اوقات کار سے اضافی دے دیا، رات 10 بجے دکانیں بند کرانے کے اوقات کار ختم کر دیئے گئے، وزیر اعلیٰ پنجاب نے (بقیہ نمبر 13)

برآمدات کے مقابلے درآمدات میں دوگنا سے زائد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی برآمدات کے مقابلے غیر ملکی درآمدات میں دوگنا سے زیادہ اضافہ ہو گیا۔ جنوری کے مطابق مالی سال کے 7 ماہ کے دوران پاکستان (بقیہ نمبر 14)

مرد عورتوں کے محافظ، قاتل نہیں

سپریم کورٹ نے مجرم کی اپیل خارج کر دی

جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بنچ کا تحریری فیصلہ جاری، قاتل شوہر وارث مسیح کی عمر قید سزا برقرار

خواتین کے ساتھ معمولی باتوں پر جانوروں جیسا سلوک کیا جاتا ہے، منشیات کی لت خواتین پر ہونے والے دہشتناک تشدد کی ایک بڑی وجہ ہے

اسلام آباد (این ای این) سپریم کورٹ نے بیوی پر پتھر اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بنچ کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا، فیصلہ میں قاتل شوہر وارث مسیح کی عمر قید سزا کا فیصلہ برقرار رہا۔ فیصلہ کو قتل کرنے والے منشیات کے عادی شوہر کی اپیل خارج کرتے ہوئے کہا ہے کہ سر عورتوں کے محافظ ہیں، قاتل نہیں۔ جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بنچ کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا، فیصلہ میں قاتل شوہر وارث مسیح کی عمر قید سزا کا فیصلہ برقرار رہا۔ فیصلہ کے مطابق خواتین منشیات کے عادی ہیں، جو تحفظ، احترام اور (بقیہ نمبر 5)

پاکستان فرنٹ لینڈ انٹرنیشنل PAFIIC کے طلبہ فن لینڈ پہنچ گئے

انٹرنیشنل کوآپریشن National University of Technology (NUTECH) کی ایک اور بین الاقوامی کامیابی یہ ایک قابل فخر عمل ہے

یہ اقدام پاکستان اور فن لینڈ کے درمیان تکنیکی و پیشہ ورانہ تعلیم، افرادی قوت کی ترقی کیلئے بین الاقوامی روزگار کے مواقع کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے

اسلام آباد (این ای این) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ (TDF) کے تحت شعبہ انٹیگریٹڈ انٹرنیشنل کوآپریشن (PAFIIC) پروگرام کے تحت 25 طلبہ اپنی تعلیمی اور تکنیکی تربیت مکمل کرنے کے بعد کامیابی کے ساتھ Finland پہنچ گئے ہیں۔ یہ کامیابی PAFIIC اقدام کے تحت دوسرے بیچ کی روانگی کو ظاہر کرتی (بقیہ نمبر 5)

پاکستان فن لینڈ انٹرنیشنل انڈسٹریل کوآپریشن (PAFIIC) پروگرام کے تحت شعبہ انٹیگریٹڈ انٹرنیشنل کوآپریشن کے 25 طلبہ اپنی تعلیمی اور تکنیکی تربیت مکمل کرنے کے بعد کامیابی کے ساتھ Finland پہنچ گئے ہیں

ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (MIS) اور موبائل ایپلیکیشن کی باوقار افتتاحی تقریب

دفتری مراحل کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنایا جا رہا ہے

تقریب کے مہمانِ خصوصی وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین تھے

ہم سیاست سے بالاتر ہو کر تمام پارٹیوں کے لوگوں کے مسائل حل کر رہے ہیں، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (این ای این) ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (MIS) اور موبائل ایپلیکیشن کی باوقار افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین تھے۔ وفاقی کے ڈی ایم ایم چوہدری، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد ممبر بلوچ، ایسوسی ایٹ ممبر بلوچ، ایسوسی ایٹ ممبر انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین تھے وفاقی کے ڈی ایم ایم چوہدری، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی رائے سے ساختہ للکار
ناشر: ڈاکٹر ذکیہ خورشید ایڈیٹر: ڈاکٹر ذکیہ خورشید بریگیڈیر (ریٹائرڈ)

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

رمضان سے قبل منافع خوری

رمضان المبارک کی آمد سے قبل اٹھنے والی مہنگائی کی لہر نے عوام کو بالکل بے بس کر دیا ہے۔ وفاق اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے رمضان ریلیف پیکیجز کیلئے اربوں روپے کی خطیر رقم تو مختص کی گئی ہے لیکن عام مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے کا کوئی بندوبست نظر نہیں آتا۔ مارکیٹ میں تقریباً ہر بنیادی شے سرکاری نرخ نامے سے زائد قیمت پر فروخت ہو رہی ہے۔ عوام اس گراں فروشی پر دکانداروں کو اور دکاندار حکومت اور ذخیرہ اندوزوں کو ذمہ دار ٹھہرا رہے ہیں۔ بلاشبہ اس مصنوعی مہنگائی کے ذمہ دار ذخیرہ اندوز اور ناجائز منافع خور ہیں۔ طلب میں متوقع اضافے کو بنیاد بنا کر بعض عناصر مصنوعی قلت پیدا کرتے ہیں' سپلائی کم کر دیتے ہیں اور پھر بڑھتی ہوئی قیمتوں کو مارکیٹ ریٹ کا نام دے دیا جاتا ہے۔

یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ ماہِ رمضان میں اشیائے خورونوش کی عارضی قلت پیدا کر کے ان کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیا جا رہا ہو۔ یہ سلسلہ کئی دہائیوں سے جاری ہے اور چند نمائشی اقدامات سے انتظامیہ و حکومت مطمئن ہو رہتے ہیں۔ حکومت کو چند ماڈل بازاروں پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے عام مارکیٹوں میں بھی منافع خوری کا فی الفور نوٹس لینا اور اندادِ گرانی کمیٹیوں کو فعال کر کے عام مارکیٹ میں بھی اشیا کی قیمتوں کو اعتدال میں رکھنا چاہیے تاکہ عوام ماہِ مقدس میں گرانی کی اضافی لہر سے محفوظ رہ سکیں۔

علی رضا اور کنزا ہاشمی کے تعلقات پر مداحوں کی قیاس آرائیاں

شاید دونوں کی دوستی اسکرین سے آگے بھی ہے، مداحوں کے تبصرے

کراچی (این این آئی) علی رضا اور کنزا ہاشمی کے تعلقات پر مداحوں نے قیاس آرائیاں شروع کر دیں۔ کنزا ہاشمی نے ویلنٹائن ڈے کے موقع پر کچھ تصاویر پوسٹ کیں جن میں وہ پنڈ دیتی دکھائی دے رہی ہیں۔ مداحوں نے غور کیا کہ تصاویر میں جو گاڑی نظر آ رہی ہے، وہ مبینہ طور پر علی رضا کی ہے، جس سے یہ قیاس بڑھ گیا ہے کہ شاید دونوں کی دوستی اسکرین سے آگے بھی ہے۔ اگر چہ اب تک دونوں اداکاروں کی جانب سے کسی طرح کی باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی مگر سوشل میڈیا پر مداح ان کے تعلقات پر جوش و خروش کے ساتھ تبصرے کر رہے ہیں اور دونوں کے مداح امید کر رہے ہیں کہ ان کی اسکرین کی کیمسٹری آف سکرین بھی جاری رہے گی۔

سویش چندر شیکھر کا جیکولین فرنیڈس کو لگژری بیگ کا پٹر کا تحفہ

چندر شیکھر اس وقت 200 کروڑ روپے کے منی لانڈرنگ کیس میں جیل میں قید ہیں



ممبئی (سی ایم نکس) منی لانڈرنگ کیس میں قید بھارتی شہری سویش چندر شیکھر نے ویلنٹائن ڈے پر اداکارہ جیکولین فرنیڈس کو 30 کروڑ روپے مالیت کا لگژری بیگ کا پٹر تحفے میں دینے کا دعویٰ کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سویش چندر شیکھر اس وقت 200 کروڑ روپے کے منی لانڈرنگ کیس میں جیل میں قید ہیں تاہم انہوں نے جیل سے جیکولین فرنیڈس کو ایک محبت نامہ لکھا جس میں مبینہ تحفے کا ذکر کیا گیا۔ خط میں انہوں نے اداکارہ کو "منی بوا" کہہ کر مخاطب کیا اور اپنے مبینہ تعلق کا دوبارہ اظہار کیا۔ سویش نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے جیکولین فرنیڈس کیلئے ایئرپس اینچ سیریز کا ایک لگژری بیگ کا پٹر خریدا ہے جس کی مالیت تقریباً 30 کروڑ روپے ہے۔ جبکہ اس نیلی کا پٹر کو اداکارہ کے نام کے ابتدائی حروف "JF" کے ساتھ خصوصی طور پر ڈیزائن بھی کیا گیا ہے۔

ایجنٹس میں معروف پروڈیوسر کی ہوٹل سے لاش برآمد

ایجنٹس (این این آئی) اسرائیلی جاسوسی قرار سیریز تہران کی پروڈیوسر ڈانا ایلین یوتان کے شمار ایجنٹس کے ایک ہوٹل کے کمرے میں مردہ پائی گئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق مشہور جاسوسی سیریز تہران کی فلمبندی کار کے بارے میں یوتان پولیس کا کہنا ہے کہ انہوں نے اتوار کو خودکشی کر لی۔ اسرائیلی ہٹ ٹی وی سیریز کی شریک فلمبندی کار یوتان شمار ایجنٹس کے ایک ہوٹل کے کمرے میں مردہ پائی گئیں جہاں اس جاسوسی قرار کے چوتھے سیزن کی شوٹنگ جاری تھی۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاکت کے بارے میں مختلف پہلوؤں سے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

فارمولا 1 والے بلنڈر پر میرے بچوں نے میرا مذاق اڑایا تھا

ابتدائی طور پر ٹرولنگ مجھے پریشان کرتی تھی، ندا یاسر

کراچی (سی ایم نکس) پاکستان کی مشہور شخصیت اور ٹرنگ شوٹ گین ندا یاسر نے حال ہی میں ایک یوٹیوب شو میں اپنی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ٹرولنگ، فارمولا 1 کی اپنی پرانی غلطی، رشتوں کے معاملے اور دیگر وائرل بیانات کو کس طرح ہینڈل کرتی ہیں۔ ندا یاسر نے کہا کہ ابتدائی طور پر ٹرولنگ مجھے پریشان کرتی تھی، میں اپنی ٹیم سے درخواست کرتی تھی کہ میری تصاویر سوشل میڈیا پر پوسٹ نہ کی جائیں تاکہ منفی تبصرے میرے سسرالی افراد تک نہ پہنچیں، تاہم بعد میں مجھے اس بات کی پرواہ نہ ہوئی۔ کیونکہ میرے سسرالی میری طاقت بن گئے، اب ان کی بہن اور خود میرے لیے لڑتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ میرے بچوں نے پہلے میری غلطی پر ہنسی اڑائی، یہ 3 سال پرانا کلپ تھا، مجھے فارمولا 1 کے بارے میں علم نہیں تھا، کیلیبلی کا نام کو وہاں سے ہٹ پر مدد کو کیا گیا تھا،

رمضان المبارک کی آمد سے قبل اٹھنے والی مہنگائی کی لہر نے عوام کو بالکل بے بس کر دیا ہے

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میں ملک صاحب کے مین گیٹ سے گھر کے اندر داخل ہوا تو اللہ ان پر رحم کرے ملک صاحب کی بیوی اللہ کو پیاری ہو گئی تھی شنیدہ دور اور دیوار ملک صاحب کی بیوی کا رونا آواز سے گونج رہے تھے خطرناک بات یہ تھی کہ ملک صاحب کے ہاتھ میں وہ بنی لوڈ بندوق بھی تھی شنیدہ دور اور ایک دو ہمسائے لوگوں پر برسا رہے تھے اگر کوئی دیوار کے اوپر سے گالیوں بھری باتیں کر رہا تھا تو ملک صاحب کے منہ سے گالیوں جھڑیوں کا آتش فشاں مسلسل پھٹ رہا تھا غصے سے ملک صاحب کا چہرہ خون کی طرح سرخ ہو رہا تھا اور منہ سے گالیوں کے گولے دوسائے لوگوں پر برسا رہے تھے اگر کوئی دبے لفظوں میں اپنی صفائی دینے کی جسارت کر تا تو وہ اس پر بندوق تان لیتے اور دھاڑتے اگر تم نے ایک لفظ بھی مزید منہ سے نکالا تو تمہارے جسم میں سوراخ کر دوں گا گولیاں مار کر ہلاک کر دوں گا کوئی بھی سامنے سامنے بولنے کی جرات نہ کر رہے تھے ملک صاحب کے پالتو کتے بھی خاموش تھے اگر کوئی غلط کوئی بات کر رہی تو ان کی بندوق شعلے اگلنے شروع کر دے گی۔ میں اس خوناک بلکہ دہشت ناک منظر کے لیے بلکل بھی تیار نہیں تھا میری غلامی ملک صاحب کے لیے محض تھوڑے کے پاس کسی بھی ریاست کے لیے یہ سخت امتحان ہوتا ہے کہ اس کی آخوش میں بسنے والے تمام علاقے معاشی اور سماجی ترقی کے سفر میں ایک ہی رفتار سے آگے بڑھیں۔ یہ حقیقت ہے کہ جغرافیائی ساخت' قدرتی وسائل کی دستیابی اور تاریخی عوامل کے باعث ہر خطے کی نمو یکساں نہیں ہوتی۔ کچھ علاقے اپنے قلعی وقوع کی وجہ سے ترقی کے ہر اول دستے کا اعزاز پاتے ہیں تو کچھ قدرے پیچھے رہ جاتے ہیں۔ اگر ہم دنیا کے خوشحال اور ترقی یافتہ ممالک کی تاریخ دیکھیں تو وہاں بھی ہمیں یہ تفاوت نظر آتا ہے' مگر قومیں نے دانشوری اور بصیرت سے اس معاشی خلیج کو کبھی اتنا وسیع نہیں ہونے دیا کہ ایک ہی سلطنت پر موجود لوگ ایک دوسرے سے اجنبی نظر آنے لگیں۔ قوموں نے اس بات کو چیلنج بنایا کہ شہروں کی چمک دمک اور گاؤں کی سادگی کے درمیان سہولتوں کا توازن برقرار رہے تاکہ ریاست کوئی بھی شہری احساسِ کمتری کا شکار ہو کر خود کو اپنے ہی وطن میں اجنبی تصور نہ کرنے لگے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں پسماندگی کے سائے ملک کے کئی علاقوں میں اس قدر گہرے ہیں کہ وہاں کے مکین آج کے اس جدید دور میں بھی زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے محروم ہیں۔

انہوں نے عروج حاصل کیا' انہوں نے اپنے شہروں کو صاحبِ اجن تو بنایا مگر دیہات کو بھی فراموش نہیں کیا۔ وہ جانتے تھے کہ اگر جڑیں پیاسی رہ جائیں تو شاخوں پر پھول بھی مرجھا جاتے ہیں۔ اس لیے ان تمام سہولتوں سے دیہنیاب ہونا ہے جو شہر کے باسیوں کو میسر ہوتی ہیں۔ اس کے برعکس پاکستان میں دور تھالی ذرا مختلف رہی ہے۔ شہروں کی مصنوعی چمک نے وہ کشش پیدا کی کہ دیہات کے لوگ تیزی سے اپنی مٹی چھوڑ کر شہروں کی طرف ہجرت کرنے لگے۔ اس انتقل مکانی نے پاشہ شہروں کو تو آبادی کے ازدحام میں بدل دیا۔ جب تک گاؤں کا رہنے والا یہ محسوس نہیں کرے گا کہ اسے اپنی دہلیز پر وہ سب کچھ مل سکتا ہے جو شہر کی روشنیوں کا حصہ ہے تب تک شہروں پر آبادی کا بوجھ بڑھتا رہے گا اور ترقی کا توازن بگڑتا رہے گا۔ حکومتوں کو اولین ترجیح بیشہ امن و امان اور استحکام رہی ہے مگر یہ استحکام محض بیتی نہیں بلکہ سماجی انصاف کی صفاس سے حاصل ہوتا ہے۔ اربابِ اختیار کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے کا واحد راستہ ان کے معیارِ زندگی کو بلند کرنا ہے۔ جب عوام کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ ریاست ان کی زندگیوں میں آسانی لا رہی ہے تو وہ ریاست کے مضبوط ترین محافظ بن جاتے ہیں۔ اس کے برعکس جب سفتش تاریک نظر آئے اور بنیادی حقوق خواب بن جائیں تو وہ احساسِ محرومی جنم لیتا ہے۔ جو کبھی معاشرے کے لیے زہرِ قاتل ہے۔ اس ناامیدی کا فائدہ اکثر وہ عناصر اٹھاتے ہیں جو معصوم ذہنوں کو ورغلا کر انہیں ریاست کے خلاف استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اگر ہم شدت پسندی کی لہروں کا جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ محرومی کی کوکھ سے جنم لینے والے غصے کو منفی تعمیری مقاصد کے لیے ایندھن بنایا گیا۔ اس لیے دیہی ترقی محض ایک معاشی ہدف نہیں بلکہ یہ ایک محفوظ اور پُرامن پاکستان کی ضانت بھی ہے۔

تعین نے دیہی ترقی کو قومی حکمت عملی کے تحت آگے بڑھایا ہے جسے "رورل ٹرانسفارمیشن سٹریٹیجی" کہا جاتا ہے۔ اس پالیسی کا مقصد دیہات کو معاشی' سماجی اور تکنیکی طور پر مضبوط بنانا ہے تاکہ شہری اور دیہی فرق کم ہو اور خوراک کی خود کفالت برقرار رہے۔ دیہی آمدن میں اضافہ' زرعی پیداوار کی جدید کاری' دیہی انفراسٹرکچر کی بہتری' صحت اور تعلیم کی دیجیٹل رسائی اور مقامی روزگار کی توسیع اس حکمت عملی کے مرکزی ستون ہیں۔ اس پروگرام کی عام ایڈن مرحلہ وار رکھی گئی 2021ء سے 2025ء تک غربت کے خاتمے کے بعد اختتام اور انفراسٹرکچر کی تیز رفتار توسیع پر کام ہوا۔ 2026ء سے 2030ء تک دیہی معیشت کی جدید کاری' عوامی خدمات کو شہری معیار کے قریب لانے اور زرعی سپلائی چین کی ڈیجیٹلائزیشن کو مرکزی ہدف بنایا گیا ہے۔ حتمی ہدف 2049ء تک دیہی ترقی کی جامع تکمیل اور زرعی شعبے کی عالمی مسابقت ہے۔

پاکستان میں بھی کیمرہ برسوں سے بالخصوص موجودہ حکومت میں شہری ترقی اور جدید ڈیجیٹل نظام کی طرف پیش قدمی دیکھی گئی ہے۔ بڑے شہروں میں ٹریفک کی روانی' عوامی حفاظت کے لیے سیف سٹی منصوبے' آن لائن بلیانی ادائیگیاں اور شہری خدمات کی گھر بیٹھے فراہمی جیسے اقدامات قابلِ ستائش ہیں۔ تاہم ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کا استعمال ابھی تک چند تجرباتی منصوبوں اور گورننس کے نظام تک ہی محدود نظر آتا ہے۔ ہمارا بنیادی چیلنج یہ ہے کہ مختلف اداروں کے ڈیٹا سسٹم بکھرے ہوئے ہیں' جس کی وجہ سے شہری منصوبہ بندی میں وہ پختگی نظر نہیں آتی جو دیہی پرچن فیصلہ سازی کے خاصہ ہے۔ دیہی اور شہری ترقی کے درمیان ربط کمزور ہونے کی وجہ سے شہروں پر بوجھ بڑھ رہا ہے اور دیہی معیشت اب بھی جدید ٹیکنالوجی کے اصل ثمرات سے محروم ہے۔ چین کی مثال ہمیں سکھاتی ہے کہ ٹیکنالوجی محض سجاوٹ کے لیے نہیں بلکہ عوامی آمدن اور پیداوار بڑھانے کا ذریعہ ہونی چاہیے۔ پاکستان میں اگر ہم مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل مل کو پالی کنٹیسم' کپرس کی صفائی' تعاونی کی پچت اور سستی یا وسک جیسے عملی مسائل سے جوڑ دیں تو وسائل کے ضیاع میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ جب تک ہمارے پاس ایک مربوط ڈیٹا مالی نہیں ہوگا تب تک عوامی خدمات کا معیار عالمی سطح تک نہیں پہنچ سکے گا۔

مستقبل کی رخش تصویر اس وقت مکمل ہوگی جب ڈیجیٹل انفراسٹرکچر شہروں کے ساتھ ساتھ دیہات تک پھیلے گا۔ جہاں شہروں میں سمارٹ سسٹم کے ذریعے اخراجات کم کیے جا سکتے ہیں' وہیں دیہی علاقوں میں سمارٹ ایگریکلچر اور موسمیاتی تبدیلیوں کی پیش گوئی کسانوں کو خوشحال بنا سکتی ہے۔ دیہی ای کامرس کے ذریعے کسان اپنی محنت کا براہ راست صلہ پا سکتا ہے۔ اگر ان دونوں دھاروں کو ایک قومی ڈیجیٹل فریم ورک میں پرویا جائے تو شہروں پر آبادی کا دباؤ بھی کم ہوگا اور دیہی معیشت بھی اپنے پاؤں پر کھڑی ہو سکے گی۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ کوئی بھی ٹیکنالوجی اس وقت تک حقیقی تبدیلی نہیں لا سکتی جب تک اس کے پیچھے ادارہ جاتی تسلسل' یکجا ڈیٹا سسٹم اور واضح اہداف نہ ہوں۔ چین کی عظیم ترقی کا راز بھی یہی ہے کہ وہاں منصوبہ بندی وقتی نعروں پر نہیں بلکہ مستقل قومی ترجیحات پر مبنی ہوتی ہے۔ ٹیکنالوجی کو ترقی میں بدلنے کے لیے ضروری ہے کہ بجٹ کا تسلسل برقرار رہے اور کارکردگی کی کڑی نگرانی کی جائے۔ ترقی محض بلند و بالا عمارتوں کا نام نہیں بلکہ یہ انسانوں کے چہروں پر اطمینان کی اس لہر کا نام ہے جو حقیقی خوشحالی سے آتی ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت دیہی ترقی کو اپنا مشن بنائے تاکہ پاکستان کا ہر گوشہ ترقی کی خوشبو سے مہک اٹھے۔ واضح اہداف و وسائل کا منصفانہ استعمال اور خلصانہ نگرانی ہی وہ راستے ہیں جن پر چل کر ہم مستحکم اور خوشحال پاکستان کا خواب حقیقت شرمندۂ تعبیر کر سکتے ہیں۔ یاد رکھیں جب ہماری دیہی آبادی خوشحال ہوگی تو پاکستان معاشی طور پر بھی مضبوط ہوگا اور سماجی طور پر بھی ایک ایسی ناقابلِ تسخیر اکائی بن جائے گا جسے کوئی دشمن کمزور نہیں کر سکے گا۔

قصوروار کون؟

ملک صاحب کو تو جیسے آگ سی لگ جاتی وہ فوری طور پر بندوق تان لیتے ساتھ میں جیرے پہلوانے کی دھمکیاں بھی دیتے بندوق تان کر دھاڑتے کہ اگر تم لوگ بولے تو ابھی طلاق کے تین لفظ سے ساتھ ہی تم سب کو قناتے بند کر دوں گا بیگا کا میاں بگلی بلی ناشا مٹی سے تناشاد کیہر راقتھا اس کی عزت سے جوتی کا سلسلہ کر دو دے قناد باز آگے تھے کہ ملک صاحب کو سب سے زیادہ غرور تھم تھا کہ میں تو لڑکے کا باپ ہوں اور بہو کے والدین لڑکی والے ہیں اور لڑکی والوں کو لڑکے والوں کے سامنے بولنے کی بالکل کی جرات کیسے ہو رہی ہے لڑکے والے اونچے ہوتے ہیں لڑکی والے کمزور اور میراثی ہوتے ہیں لڑکی والے لڑکے والوں کے سامنے کبھی بھی اپنی بات نہیں کر سکتے ہیں بولنا تو دور کی بات ہے اب جب لڑکی والوں نے دبے لفظوں میں یہ جرات کی ملک صاحب آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے آپ اصل چور کو تلاش کرنے کی بجائے ہماری بہو کو بدنیتی پر چوری کا ٹھہرا الزام لگا رہے ہیں یہ بات کمزور لڑکی والوں کے سامنے کہنے کی ہمت کیسے ہوئی ہے ملک صاحب ہمارا بائیکاٹ کرنے کی دھمکی کے ساتھ طلاق اور طلاقے بھی بکرنے کی دھمکیاں بھی دے رہے تھے بہو کے والدین مشتی تھے غلامیوں کی طرح ہر جھکنے کمزور تھے بار بار بیٹی کے بے گناہی کی بات کر رہے تھے جب وہ کہتے کہ ہماری بیٹی آپ کی پوتی نہیں ہے تو ملک صاحب کو تو جیسے آگ ہی لگ جاتی تھی کیسے آپ ملک صاحب اپنی بہو پر الزام لگا سکتے ہیں ہماری بیٹی کو چور کہہ کر آپ ہمیں بے عزت کر رہے ہیں ہم آپ کے پاس کیسے آئے تھے کیا کچھ ہمارے ہاتھ میں تھا کیا کچھ ہمارے پاس تھا ہم تو آپ کی بات کو مان کر آپ کے پاس آئے تھے ہم نے آپ کو کیسی کیسی کہانی بتائی تھی آپ نے کیا کیا کہا تھا کیا کچھ ہم نے آپ کو بتایا تھا کیا کچھ ہم نے آپ کو دکھایا تھا کیا کچھ ہم نے آپ کو سنایا تھا کیا کچھ ہم نے آپ کو دی

1 بقیہ

بی آئی ایل ٹی کے قیمت کم کی جانے والی سہ ماہی مالی ہی سہ ماہی مدت میں نمایاں اضافے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان قائم سمسالوں کو ہی کے لیے بلاک، میرا اور دھوکا کا سبب ہے، اور ہمارے ملک کو فرقہ کشتے ہے میتھیم افراط بھوت پروگرام مضبوط قائد اور کوزادہ سے ایک ریفیلر ہے ہمارے ملک کو ہی ہے ہمارے ملک قیمت میں روپے کا اضافہ کر دیا گیا ہے، جس کے بعد کھاتوں وظیفے کی رقم 13,500 روپے ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ تنخواہ 14,500 روپے ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ تنخواہ کی رقم 500 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے کہ اس میں یہاں کی نقاہت اور عظیم کے حوالے سے چرچہ سیکرٹ فرام کی جا سکے۔ بیشتر پرسنل کے اعلان کیا کہ بیشتر خواتین کی ہے کہ جن خواتین نے اعلیٰ کے تعلیم کی ہے وہ ہمارے ملک کو ہی ہے ہمارے ملک کو ہی ہے ہمارے ملک کو ہی ہے

سانحہ حافظ مزمل کے اغواء قتل کا مرکزی ملزم مقابلے میں ہلاک

پولیس پارٹی پر فائرنگ کا منہ توڑ جواب، عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے کے بروقت اقدام کو خوب سراہا گیا

علاقے کو گھیرے میں لے کر منظم حکمت عملی اپنائی، پولیس نے حق حفاظتِ خود اختیاری کے تحت جوابی کارروائی کی

کھوکھلاں (نمائندہ) تھانہ صدر کے علاقہ موہڑہ شمثیل کے قریب کھوکھلاں پولیس پارٹی پر فائرنگ کا واقعہ اس وقت پیش آیا جب 16 سالہ حافظ حامل کے اغواء و قتل کے مقدمہ میں مطلوب مرکزی ملزم کھوکھلاں (نمائندہ) تھانہ صدر کے علاقہ موہڑہ شمثیل کے قریب کھوکھلاں پولیس پارٹی پر فائرنگ کا واقعہ اس وقت پیش آیا جب 16 سالہ حافظ حامل کے اغواء و قتل کے مقدمہ میں مطلوب مرکزی ملزم سمیع پر پولیس نے ریڈ کیا، نام نہاد ملزمان نے گرفتاری سے بچنے کے لیے سرعامی فائرنگ شروع کر دی؛ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کھوکھلاں کے فوری حکم پر ایس ایچ او تھانہ صدر اور ایلیٹ فورس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر منظم حکمت عملی (بقیہ نمبر 25)

حافظ مزمل قتل کیس قاتل کا قصہ تمام

مقتول حافظ مزمل — ملزم منیجر حسین

ملزم منیجر حسین اور مقتول حافظ مزمل کی فائل فوٹو

معاشی استحکام صنعتی توسیع کی شکل میں پائیدار نتائج دے رہا ہے

میونسپل چیئرمین شجیہ علی کا مکمل مضبوطی سے آگے بڑھ رہا ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) کنزخزانہ سٹیٹ منیجر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ معاشی استحکام صنعتی توسیع کی شکل میں پائیدار نتائج دے رہا ہے اور پاکستان کے میونسپل چیئرمین شجیہ علی کا مکمل مضبوطی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ سنگل کوحاجی راہلہ کی ڈیپ سائیٹ ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بڑی صنعتوں کی پیداوار (ایل ایس ایم آئی) کے اشاریہ کا ثبت (بقیہ نمبر 28)

عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے، نیئر حسین بخاری

قیمتوں میں ناجائز اضافہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جائیں

اسلام آباد (این این آئی) سکیڑری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سید نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ رمضان المبارک میں عوام الناس کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مہنگائی سے غریب عوام شدید متاثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باوررمضان المبارک میں غربت کی شرح سے نیچے زندگی بسر کرنے والوں کو پیادہ کھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی لائی جانی چاہیے۔

بار کی مضبوطی انصاف کے نظام کی مضبوطی ہے

بختیار الحق کیانی ایڈووکیٹ کا نومنتخب بار نمائندگان کے اعزاز میں ظہرانہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) بختیار الحق کیانی ایڈووکیٹ کی جانب سے نومنتخب بار نمائندگان کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جس میں اسلام آباد بار کونسل، اسلام آباد بار ایسوسی ایشن اور ضلع بار ایسوسی ایشن کے منتخب نمائندگان سمیت سینئر وکلا اور سابق بار عبید اداین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں مختلف تجاویز کے لیے تین تھنائی کا (بقیہ نمبر 29)

بختیار الحق کیانی ایڈووکیٹ کی جانب سے اسلام آباد بار کونسل و بار ایسوسی ایشن اور ضلع بار کے نومنتخب نمائندگان کے اعزاز میں ظہرانے کے بعد شرکا کا گروپ فوٹو

تجاوزات برقرار، کارروائی غائب ایکشن کا مطالبہ

رمضان کا آغاز ہوتے ہی ڈھوک سیداں اور گرجا روڈ ٹریفک جام کا گڑھ بن گیا، شہری خوار

ٹریفک پولیس اور ہیڑا فورس پر غفلت کے الزامات، موقع پر کوئی نظر نہیں آتا، عوامی شکایات

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈھوک سیداں گھمبڑ اور گرجا کے علاقے میں رمضان کا آغاز ہوتے ہی ٹریفک جام معمول بن گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مرکزی پر جتنی تجاوزات ہے، تمام پارکنگ اور ریڑھی بانوں کی پشتپناہ کے باوجود ٹریفک پولیس اور ہیڈ فورس کا عملہ آئے دن اوقات موقع پر موجود نہیں ہوتا، جس سے صورتحال مزید بگڑ رہی ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق کئی مرحوم علاقہ کے مکینوں کو پیدل چلنا دوبھر ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک پولیس کی کارکردگی صرف کاغذوں میں نظر آتی ہے، عملی طور پر سڑک پر کوئی نظر نہیں آتا، عوامی شکایات پر فوری ایکشن لیا جائے تاکہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا۔

جہانگیر ترین کا میاں چنوں میں گرلز ڈگری کالج بنانے کا اعلان

5 ایکڑ زمین وقف کردی، سکول میں جدید ٹیکنالوجی بلاک کا افتتاح

لاہور (این این آئی) جہانگیر خان ترین نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، باصلاحیت طالبات وطالبات کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر ملک وقوم کی خدمت کرسکیں۔ یہ بات انہوں نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول تلمبہ میں جدید ٹیکنالوجی بلاک کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ٹیکنالوجی بلاک میں (بقیہ نمبر 4 2)

جہانگیر ترین گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول تلمبہ میں ٹیکنالوجی بلاک کا افتتاح کر رہے ہیں

وفاقی وزیر قانون وانصاف سے پرتگالی ہائی کمشنر کی ملاقات

قانونی اور عدالتی شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے پرتگال کے ہائی کمشنر مینیول فریڈریکو منیرو ڈاسلوا کی ملاقات میں شعبہ انصاف میں باہمی تعاون، صلاحیتی تربیت، ادارہ جاتی اصلاحات اور استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملاقات کے دوران ہائی کمشنر نے کہا کہ پاکستان میں گزارا گیا برون ان کے لیے یادگار اور خوشگوار تجربہ رہا۔ انہوں نے گلگت بلتستان اور شمالی علاقوں کی دلکشی اور جنت نظیر خوبصورتی کو سراہتے ہوئے انہیں زمین پر جنت قرار دیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 3)

پولیس تشدد سے دل برداشتہ شخص پراسرار طور پر جھیل گیا

متاثرہ شخص کے بھائی نے پولیس ایمرجنسی ون فائیو پر کال کردی

راولپنڈی (این این آئی) پولیس تشدد سے دل برداشتہ شخص پراسرار طور پر جھیل گیا، نہ اہل کار مبینہ طور پر اسپتال چھوڑ کر غائب ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق راولپنڈی کے قائد ایئرپورٹ کی پولیس چوکی حیدیاں پر انسانیت سوز واقعہ پیش آیا، جہاں مبینہ طور پر پولیس تشدد و بدسلوکی سے دل برداشتہ شخص پراسرار طور آگ سے جھیل گیا جب کہ شدید زخمی شخص کو پولیس اہلکار پمز اسپتال چھوڑ کر غائب ہوگئے۔ متاثرہ شخص کے بھائی نے (بقیہ نمبر 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

چوآسیدن شاہ اور لوڈ گاڑیاں سٹوڈنٹس کی زندگیاں داؤ پر

غریب بچے کے باپ کی بے بسی اور ٹریفک قوانین کے متنازع نفاذ پر سوالات، شہری وسماجی حلقوں تشویش شدت اختیار کرگئی

حکام بالا سے عوامی مطالبہ اوورلوڈنگ کے ذریعے طلبہ کی جانوں سے کھیلنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے

چوآسیدن شاہ (نامہ نگار) چوآسیدن شاہ میں اوورلوڈ گاڑیوں میں نہایت خطرناک انداز سے سفر کرایا جارہا ہے اور ان کی زندگیاں مشکوک ہو رہی ہیں۔ ایک طرف سرکاری اسکولوں کے طلبہ کو ٹریفک قوانین کے اطلاق کے انداز پر شہری و سماجی حلقوں میں تشویش شدت اختیار کرگئی ہے، جہاں ایک طرف سرکاری اسکولوں کے طلبہ کو اوورلوڈ گاڑیوں میں نہایت خطرناک انداز سے سفر کرایا جارہا ہے اور ان کی زندگیاں داؤ پر لگی زد میں آ رہے ہیں۔ سچ (بقیہ نمبر 45)

شہری گاڑیوں میں اوورلوڈ کے پریڈیا سے محفوظ کر رہے ہیں

ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی پوٹھوہار نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران (بقیہ نمبر 37)

ایس ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

سزا ثابت، 3 نشیات سپلائر کو 27 سال قید و جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کے موٹر پیٹرولنگ کے باعث جرم ثابت ہونے پر 3 منشیات سپلائرز کو 27 سال قید اور 2 لاکھ 40 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق جرم احسن خان کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، جرم سے 2 کلو 200 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ واہ کینٹ پولیس نے نومبر 2024ء میں گرفتار کیا تھا، جرم آصف کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، جرم سے 1 کلو 600 گرام چرس برآمد ہونے پر (بقیہ نمبر 46)

گرجا روڈ پر ناقص چکن کی فروخت کے الزامات، شہری سراپا احتجاج

غیر معیاری مرغی کا گوشت؟ گرجا روڈ کی دکانیں شکایات کی زد میں

صحت عامہ خطرے میں، فوڈ انسپکشن سسٹم پر سوالات اٹھ گئے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی گرجا روڈ اور ملحقہ علاقوں میں غیر معیاری اور ناقص چکن شاپس پر مبینہ طور پر غیر معیاری اور بیمار مرغیوں کی فروخت کی شکایات سامنے آئی ہیں، جس پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں سے فوری اور مؤثر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ علاقہ مکینوں اور خریداروں نے نام نہاد ہرنہ کرنے کی شرط پر بتایا (بقیہ نمبر 39)

گرجا روڈ پر ناقص چکن کی فروخت کے الزامات، حکام سے کارروائی کا مطالبہ

کالج طالبہ کو ہراساں کرنے اور راستہ روکنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے کالج کی طالبہ کو ہراساں کرنے اور راستہ روکنے والا شخص کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے کالج کی طالبہ کو ہراساں کرنے اور راستہ روکنے والے شخص کو گرفتار کرلیا۔ مدعی مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے ساتھیوں کے ہمراہ میری بیٹی کا راستہ روک کر ہراساں کیا، گوجر خان پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے گرفتار کرلیا۔ زیر حراست شخص کے (بقیہ نمبر 27)

9 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 9 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 9 ملزمان گرفتار کر کے 10 لیٹر 2 بوتل شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں مقدمہ درج، گرفتار، کوٹ خان، روات (بقیہ نمبر 30)

رمضان المبارک، راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات

250 سے زائد افسران و اہلکاران سیکورٹی ڈیوٹی و ٹریفک کے فرائض سرانجام دیں گے

ساڑھے 6 ہزار سے زائد سول رضا کار بھی مساجد اور امام بارگاہوں پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے

راولپنڈی (این این آئی) رمضان المبارک کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات 2500 سے زائد افسران و اہلکاران سیکورٹی ڈیوٹی و ٹریفک کے فرائض سرانجام دیں گے، پولیس کے ساتھ سول رضا کار بھی مساجد اور امام بارگاہوں پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات 2500 سے زائد افسران و اہلکاران سیکورٹی ڈیوٹی و ٹریفک کے فرائض سرانجام دیں گے، پولیس کے ساتھ سول رضا کار بھی مساجد اور امام بارگاہوں پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ پولیس کے ساتھ ساڑھے 6 ہزار سے (بقیہ نمبر 40)

34 روز کے دوران شہر بھر سے 338 پیشہ ور بھکاری گرفتار

پیشہ ور گداگر ٹریفک میں رکاوٹ اور شہریوں کیلئے زحمت کا باعث بنتے ہیں، سی پی او

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 34 روز کے دوران شہر بھر سے 338 پیشہ ور بھکاری گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 34 روز کے دوران شہر بھر سے 338 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کرلیا، زیر حراست افراد میں 144 مرد 177 خواتین اور 17 خواجہ سرا شامل ہیں۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے بتایا کہ پیشہ (بقیہ نمبر 41)

لاہور: گورنر پنجاب لیڈر اپوزیشن پنجاب و چیئرمین اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

فاروق آباد میں فائرنگ سے خاتون کے قتل کا افسوسناک واقعہ

وزیر اعلیٰ کی ہدایات پر چیئرمین پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حناپرویز بٹ کا نوٹس

لاہور (این این آئی) ضلع شیخوپورہ کے علاقے فاروق آباد میں فائرنگ کے نتیجے میں خاتون کے قتل کے افسوسناک واقعے پر چیئرمین پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حناپرویز بٹ نے گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق 38 سالہ خاتون مریم بی بی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ پولیس کو واقعے کی اطلاع اہل خانہ کی جانب سے 15 کال پر ملی جس کے بعد مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی جبکہ فرانزک شواہد اکٹھے کر کے پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کے لیے اطلاعی چھاپے مارے جا رہے ہیں جبکہ قریبی علاقوں سے سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کی جا رہی ہے اور (بقیہ نمبر 54)

جلد بازی میں قیاس آرائیوں سے اجتناب کیا جائے، وزیر قانون

عدالتی اور قانونی امور میں پیش رفت کی صحیح اور بروقت رپورٹنگ عوام اور وکلاء برادری کے لیے نہایت مفید ہے

وزیر قانون کا پریس ایسوسی ایشن آف سپریم کورٹ کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے میڈیا نمائندگان پر زور دیا ہے کہ مسطورات کی درستگی اور جلد بازی میں قیاس آرائیوں سے اجتناب کیا جائے، صحافیوں کی فراہم کردہ بروقت اور درست معلومات عدالتی اور قانونی عمل میں نگہبان کردار ادا کرتی ہیں، عدالتی فیصلوں اور عوامی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے فوری معلومات کے حوالے سے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کو بھی مستفید ہونے کا موقع ملتا ہے، یہ عمل عدلیہ اور صحافت کے (بقیہ نمبر 8)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز امیر الدین میڈیکل کالج اور پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے کانووکیشن کے موقع پر حاضرین سے خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی میں قتل و ضرر مقدمہ میں مجرم کو مع قید و جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موٹر پیٹرولنگ کے باعث ضرر کے مقدمہ میں مجرم کو مجموعی طور پر عمر قید و جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم محب حسین قتل کے جرم میں عمر قید اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، ضرر کے جرم میں 14 لاکھ 91 ہزار 433 روپے دیت اور 10 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، جرم نے 1 اپریل 2023 تھانہ کلرسیداں کے علاقہ میں گورہ بخش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل (بقیہ نمبر 50)

سسی برادری کی جانب سے امت مسلمہ کو رمضان المبارک کی دلی مبارکباد

راولپنڈی /اسلام آباد (این این آئی) سسی روحانی پیشوا آرچ بشپ راولپنڈی اسلام آباد ڈاکٹر جوزف ارشد نے سسی برادری کی جانب سے امت مسلمہ کو رمضان المبارک کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سال ایک خوبصورت اور نادر روحانی لمحہ دیکھنے میں آ رہا ہے کہ رمضان المبارک کا مقدس موسم ایسے (Lent) کے ایک اہم مقدس مہینے میں شامل ہو رہا ہے اور مسلمانوں کا بابرکت مہینہ رمضان المبارک بیک وقت شروع ہو رہے ہیں۔ اپنے بیان میں آرچ بشپ جوزف ارشد (بقیہ نمبر 53)

پیٹرولیم مصنوعات کے بعد بجلی مہنگی ہونے کا امکان

نیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اضافے کی درخواست نیپرا میں دائر کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد بجلی کی فی یونٹ قیمت میں بھی اضافے کا امکان ہے۔ سی پی جی اے کی جانب سے جنوری کی ماہانہ نیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں اضافے کی درخواست نیپرا میں دائر کی گئی۔ نیپرا اتھارٹی 26 فروری کو اضافے سے متعلق درخواست پر سماعت کرے گی۔ سی پی پی اے (بقیہ نمبر 51)

سرگودھا، مردہ مرغیاں سپلائی کرنے والوں کیخلاف کارروائی

گاڑی سے ایک ہزار کلو مردہ مرغیاں پکڑ کر تلف کردی گئیں، مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مردہ مرغیاں سپلائی کرنے والوں کے خلاف کارروائی میں گاڑی سے ایک ہزار کلو مردہ مرغیاں پکڑ کر تلف کر دیں اور ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا جس میں پولیس گاڑی کو تحویل میں لیکر مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے بھلوال روڈ پر جھال چکیاں کے علاقے نزد موڑ کے قریب مردہ مرغیاں سپلائی کرنے والوں کے (بقیہ نمبر 2)

دفعہ 144 نافذ، ہوائی فائرنگ، پتنگ بازی پر پابندی عائد

فیصلہ شہریوں پر، ہوائی ٹریفک کی حفاظت کے پیش نظر کیا گیا، حکام

پشاور (این این آئی) ضلعی انتظامیہ پشاور نے طیاروں کو حادثات سے بچانے کیلئے ایئرپورٹ کے ارگرد علاقوں میں پتنگ بازی، کیوٹ بازی اور لیزر بیم استعمال کرنے پر پابندی لگا دی ہے۔ پشاور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق پشاور ایئرپورٹ میں فلائیٹ سیفٹی کے لئے دفعہ 144 کا نفاذ کیا گیا ہے۔ پابندی پشتہ خرہ، گلبرگ، سوانی چھاک، انڈری اخون محمد، یونیورسٹی ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں پر بھی اور ان علاقوں میں ہوائی (بقیہ نمبر 34)

رمضان آیا۔ برکتیں لایا

وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے تاریخی رمضان ریلیف پیکج

38 ارب روپے ڈیجیٹل والٹ اور بینک اکاؤنٹ کے ذریعے

ایک کروڑ 21 لاکھ مستحق خاندانوں کیلئے

شفافیت، عزت اور احترام کے ساتھ

رقوم کی منتقلی اور قریبی بینک کی معلومات صرف ہیلپ لائن 9999 سے بھیجی جائینگی

28 ارب روپے سے 13000 روپے فی خاندان امدادی رقم ان 21 لاکھ مستحق خاندانوں کیلئے جو کسی حکومتی کفالت پروگرام کا حصہ نہیں

10 ارب روپے کا اضافی وظیفہ ایک کروڑ مستحق خاندانوں کیلئے ماہ رمضان کے دوران جو وفاقی حکومت کے کفالت پروگرام کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں

مجموعی طور پر 6 کروڑ سے زائد پاکستانی مستفید

ایپ کی آن لائن تصدیق کیلئے سکین کریں

www.pmrrp.nitb.gov.pk

/GovtofPakistan @GovtofPakistan www.moib.gov.pk @govtofpakistan @GovtofPak

URAAN PAKISTAN

وزارتِ اطلاعات ونشریات حکومتِ پاکستان

PID/0811/25